Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 5 Short Questions Preparation

Q1. تعلم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: مستقل قسم کی رونما ہونے والی تبدیلیوں کا سبب،ایک خاص قسم کا عمل ہے،یہ عمل کسی،مہیج،کے فرد پر وار ہونے سے بے شروع ہوتا ہے اور اس مہیج کے بارہا وارد ہونے کی صورت میں درفرد کے کردار میں تبدیلی کے اس عمل کو "نفسیات" کی اصطلاح میں تعلی کہتے ہیں.

Q2. تعلم کی تعریف کریں.

Ans 1: تعلم ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے ماحول میں پیش آنے والے تجربات کی وجہ سے فرد کے کردار میں مستحکم اور مستقل تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں جو اس فرد کو اپنے ماحول میں مناسب انداز سے اپنا کردار انجام دینے اور پیش آنے والے مسائل کو حل کرنےکے قابل بنا دیتی ہیں.

Q3. معونیت کی تین شرائط کون سی ہیں؟

Ans 1: معونیت کی تین شرائط درج ذیل ہیں: 1.وہ کام فائدہ مند ہے. 2.وہ کام معاشرتی طور پر قابل قبول ہے. 3.وہ کام کسی مقصد کو حاصل کرنے میں مددگار ہے.

Q4. "کرداریت کے نظریہ تعلم" کے دو ذیلی نظریات لکھئے.

Ans 1: 1.نظریہ ربط 2.کلاسیکی تشریط 3.فعلیاتی تشریط

Q5. تعلم کے اجزاء کونسے ہیں؟

Ans 1: تعلم کے اجزاء درج ذٰیل ہیں 1.عمل 2.تبدیلی 3.تجربہ 4.ماحول

Q6. رویہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: رویہ سے مراد فرد کی وہ اندرونی کیفیت ہے جو کسی کا یا چیز یا جذبے کو منتخب کرنے یا اسے رد کرنے لے عمل پر اثر انداز ہوتی ہے،فرد،ذہنی یا جذباتی طور پر کسی کام کو اچھا سمجھاتا ہے یا برا کر دانتا ہے، وہ کسی فرد کے بارے میں مثتنت خیال رکھتا ہے یا اس شخص کے بارے میں اس کی سوچ منفی ہے.

Q7. پیدائش کے وقت بچے کی زندگی کے مختلف پہلوئں کیا ہیں؟

Ans 1: بچہ پیدائش کے وقت نہ چل پھر سکتا ہے نہ خود کھا پی سکتا ہے نہ اپنی ضرورت کا اظہار کر سکتا ہے.نہ بول سکتا ہے اور نہ کھیل کود میں حصہ لے سکتا ہے.وہ اس قابل نہیں ہوتا کہ وہ اپنی ضروریات یا اپنی خواہشات کی تکمیل کر سکے.

Q8. قانون مشق سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: قانون مشق سے مراد یہ ہے کہ جس کام کو کثرت سے بار بار کیا جائے،وہ فرد کے تعلم میں مستقل اور مستحکم حیثیت حاصل کر لیتا ہے،جبکہ جن کاموں کو استعمال نہ کیا جائے وہ بھول جاتے ہیں.

Q9. قانون تاثیر کی تعریف کریں.

Ans 1: قانون تاثیر کا مطلب ہے کہ اگر کسی فرد کو تعلم کے نتیجے میں کامیابی ملے تو وہ اسے بار بار دہرائے گا اس کے برعکس اگر اسے ناکامی ملے تو وہ اس کام کو ترک کر دے گا.

Q10. تعلم کی تعریف اپنے الفاظ میں کریں.

Ans 1: تعلم کردار کی تبدیلی کا عمل ہے.